


تازہ ترین معلومات کے لئے براہ کرم
www.nhs.uk/covidvaccine
وزٹ کریں

## ہمیں کیوں لگتا ہے کہ آپ کو COVID-19 ویکسین کو ہاں کہنا چاہئیے



### ڈاکٹر ابیئ ہیکٹر گوما

**چیپل ٹاؤن پرائمری کیئر نیٹ ورک سے مقامی جی پی اور کلینیکل ڈائریکٹر۔**

مجھے دو مہینے پہلے میری پہلی ویکسین لگائی گئی تھی اور جلد ہی مجھے دوسری ویکسین  لگنے والی ہے۔ میری اہلیہ لیڈز جنرل انفرمری میں کام کرتی ہیں اور اسے ویکسین  لگ چکی ہے۔ میں اس سے زیادہ کیا کہہ سکتا ہوں؟

میں جانتا ہوں کہ بہت سارے لوگ ہچکچاتے ہیں کیونکہ وہ یہ دیکھنا چاہتے ہیں کہ ابتدائی ویکسین لینے والوں کے ساتھ کیا ہو گا۔ افسوس کی بات ہے کہ برطانیہ میں کوویڈ 19 بیماری سے 120,000 سے زیادہ افراد فوت ہو چکے ہیں، لیکن خوشخبری یہ ہے کہ 31 ملین سے زیادہ افراد (20/05/21 تک کے اعداد و شمار درست ہیں) کو اس ویکسن کی پہلی خوراک دی جا چکی ہے۔ تاھم ابھی بھی کچھ لوگ باقی ہیں۔ گڈ بک کہتی ھے ، ‘ھمارے لوگ علم کی کمی کی وجہ سے ہلاک ھو گئے’۔ براہ کرم جو بھی ویکسین پیش کی جاتی ھے اسے لے لیں کیونکہ ان کی شدید جانچ کی گئی ھے۔ آئیے ھم سب اپنے کنبے اور برادری کے لئے صحیح کام کریں۔ محفوظ رہیں!

**اس کتابچے میں پیش کی گئی تمام معلومات 12 مختلف زبانوں میں آڈیو میں بھی دستیاب ہیں۔ براہ کرم اسمارٹ فون کے کیمرہ میں متعلقہ QR کوڈ اسکین کریں اور یہ آپ کو ریکارڈنگ کی جانب لے جائے گا۔**

**اگر آپ کے  ویکسین کے بارے میں کوئی سوالات یا خدشات ہیں تو صحت سے متعلق کسی پیشہ ور سے بات کریں۔ یہ ضروری ھے کہ آپ نے یہ ویکسین لگوائی ھو کیونکہ عام زندگی میں واپسی کا یہ ھمارا بہترین موقع ھے۔**

**اگر آپ نے پہلی باری میں ویکسین نہیں لگوائی ھے تو کوئی بات نہیں کیونکہ ابھی دیر نہیں ھوئی ھے۔ جب آپ اس کے لئے تیار ھوں گے تو ھم آپ کیلئیے یہاں موجود ھوں گے**




ہم بہت امید کرتے ہیں کہ عام زندگی میں واپسی کے لئے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو COVID-19 کا حفاظتی ٹیکہ لگایا جائے۔

یہ کتابچہ ان خدشات پر غور کرے گا جو لوگوں کو COVID-19 ویکسینوں کے بارے میں ہو سکتے ہیں اور کچھ ایسے عام سوالات جو ہم سنتے رہتے ہیں۔

ہم COVID-19 ویکسین لینے کے بارے میں لوگوں کے محتاط رہنے کی کچھ وجوہات کو سمجھتے ہیں ، لیکن COVID-19 ایک سنگین بیماری ھے ، جس میں آپ کافی بیمار ہو سکتے ہیں اور ممکنہ طور پر آپ کو ہسپتال میں داخل ہونا پڑ سکتا ھے۔ خطرہ یہ ھے کہ یہ وائرس آپ سے خاندان کے دوسرے افراد میں بھی منتقل ہو سکتا ھے جو زیادہ خطرے سے دوچار ہو سکتے ہیں۔ یہ دوسروں میں طویل COVID علامات ، دیر ہفتوں اور مہینوں تک رہ سکتا ھے۔ یہ تھکن تک محدود نہیں بلکہ اس میں شدید تکان (تھکاوٹ)؛ سانس میں کمی؛ سینے میں درد یا جکڑن؛ یاداشت یا توجہ میں مسائل («دماغ بند ہونا»)؛ سونے میں دشواری (بے خوابی)؛ دل کی دھڑکن میں کمی اور چکر آنا شامل ہیں۔

ہم جانتے ہیں کہ مختلف کمیونٹیز غیر متناسب طور پر COVID-19 سے متاثر ہوئی ہیں۔ آفس برائے قومی شماریات (او این ایس) نے روشنی ڈالی ھے کہ کوویڈ 19 میں سیاہ فام اور جنوبی ایشیائی لوگ سب سے زیادہ متاثر ہوئے ہیں اسکی کچھ وجوہات ذیل میں شامل ہیں:

- پیشہ: کچھ پیشے جہاں نسلی اقلیتی گروہوں کا نسبتا»زیادہ تناسب موجود ھے ان میں COVID-19 سے موت کا خطرہ زیادہ ہوتا ھے جیسے طبی کردار ، ٹراسپورٹ ورکرز ، حفاظت اور صفائی کے کردار اور کئیر ورکرز ۔
- بڑے گھرانوں میں لوگوں میں کوویڈ 19 کا خطرہ زیادہ ہوتا ھے۔ نسلی اقلیتی گروہوں ، خاص طور پر پاکستانی ، بنگلہ دیشی یا ہندوستانی نسل کے لوگوں میں کثیر النسل کے گھرانے زیادہ عام ہیں۔ بڑے گھرانوں میں رہنے والے بوڑھے لوگوں کو عملی طور پر بچانے میں زیادہ مشکل پیش آ سکتی ھے۔





## پاسٹر سمیول اوبافائی

### RCCG ، (ایور لاسٹنگ فادرز اسمبلی) ، لیڈز۔

یہ انتہائی افسوس کی بات ھے کہ COVID-19 وائرس نے 2019 کے اختتام ، کے بعد سے دنیا کو تباہ کر دیا ھے یہاں تک کہ اب بھی ہمیں اس کا سامنا ہے ۔ تاھم ہم خدا کے شکرگزار ہیں جس نے ہماری دعاؤں کو سن لیا اور ان لوگوں کو حکمت دی کہ انہوں نے یہ ویکسین تیار کیں جو انفیکشن کی شرح اور اموات کی شرح کو کم کرنے میں مدد کرتی ہیں۔

بحیثیت عیسائی ، ہم ایمان والے لوگ ہیں۔ تاھم بائبل ہمیں نصیحت کرتی ھے کہ اچھے کاموں کے ساتھ اپنے ایمان کا ثبوت دیا جائے۔ بصورت دیگر ، ہمارا ایمان ختم ہو جائے گا (جیمز 26-14 :2)۔ نیز ، ہمارے خداوند یسوع مسیح نے ہمیں سکھایا کہ جب بھی ہم پر مشکل آتی ھے ، تو ہم خدا سے دعا کرتے ہیں تاکہ وہ ہمیں اس سے بچائے ، ہمیں محتاط رہ کر بھی ذاتی ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہو گا (میتھیو 41-36 :26)۔ وہی بائبل اب بھی ہم سے کہتی ھے کہ ہم ہمیشہ ہر چیز کا غور سے جائزہ لیں اور اچھی بات کو مضبوطی سے تھامیں -(I Thes. 5: 21)

میں ویکسین کو پیغمبروں کی دعاؤں پر خدا کے ایک جواب کے طور پر دیکھتا ہوں۔ لہذا میں ہر ایک کو یہ ویکسین لینے کی ترغیب دوں گا جب اس کی باری آ جائے۔ میں نے اپنی پہلی خوراک لی ھے اور میں اپنی دوسری خوراک کا انتظار کر رہا ہوں۔ خدا ہم پر یسوع کے نام سے رحم کرے اور بچائے رکھے۔




## میں نے ویکسین کے بارے میں بہت سی افواہیں سنی ہیں - میں کیسے جان سکتا ہوں کہ یہ سچ ہیں یا غلط؟

سب سے پہلے ہمین موصول شدہ معلومات کے ماخذ کی جانچ کرنا چاہیئے۔ ھم جانتے ہیں کہ بہت سی افواہیں اور غلط معلومات پھیلی ہیں اور ھم سمجھتے ہیں کہ کیوں بعض لوگ خوف زدہ ہو سکتے ہیں۔ این ایچ ایس نے ایک ویب پیج ترتیب دیا ہے جس میں ویکسین کے بارے میں بہت ساری معلومات کے ساتھ ساتھ معلومات کے دیگر معتبر ذرائع بھی بتائےگئے ہیں

**www.nhs.uk/covidvaccine**

**www.gov.uk/coronavirus**

لیڈز میں ھم نے مختلف فارمیٹس میں بہت سے وسائل تیار کئے ہیں تاکہ آپ ویکسین کے بارے میں معلومات کے ساتھ انتخاب کر سکیں۔

براہ کرم ملاحظہ کریں:

**www.leedsccg.nhs.uk/covid-vaccine**

ویکسین لازمی نہیں ہے۔ تاھم اس سے ھمیں COVID-19 کو شکست دینے کا سب سے بڑا موقع ملتا ہے۔ یہ آپ اور آپ کے چاہنے والوں کی حفاظت کرنے کے ساتھ ساتھ آپ کے این ایچ ایس کی مدد کرے گی۔



## کیا یہ ویکسین سیاہ فام ، ایشیائی اور اقلیتی نسلی برادری کے لئے محفوظ ہے ؟

تجربات نے ثابت کیا کہ یہ نسخہ مختلف نسلی گروھوں میں مستقل طور پر محفوظ اور موثر ھے۔

- فائزر ٹرائل کے لئے ، شرکاء میں 9.6٪ سیاہ فام / افریقی ، 26.1٪ ہسپانوی / لیٹینو اور 3.4٪ ایشین شامل تھے۔
- آکسفورڈ / آسٹرا زینیکا ویکسین کے ٹرائل وصول کرنے والوں میں 10.1٪ سیاہ فام اور 3.5٪ ایشین تھے۔
- موڈرنہ کے ٹرائل کے لئے ، شرکاء میں 4.6٪ ایشین اور 9.7٪ افریقی امریکی شامل تھے

عوامی تشخیصی رپورٹوں میں مکمل تفصیلات دستیاب ہیں ، جن میں ٹرائل کے بارے میں تمام سائنسی معلومات اور ٹرائل کے لئے شرکاء سے متعلق معلومات شامل ہیں۔

یہ زیل میں دیکھی جا سکتی ہیں:

**www.gov.uk/government/publications/regulatory-approval-of-pfizer-biontech-vaccine-for-covid-19**

**www.gov.uk/government/publications/regulatory-approval-of-covid-19-vaccine-astrazeneca**

**www.gov.uk/government/publications/regulatory-approval-of-covid-19-vaccine-moderna**




## ویکسین اتنی جلدی تیار کی گئی ہیں - کیا ہم ان پر اعتماد کر سکتے ہیں؟

ویکسین تیار کرنے میں دنیا بھر سے بے مثال سائنسی تعاون اور مالی معاونت کی گئی ھے۔ اس عالمی کوشش نے سائنس دانوں کو سالوں کے کام کو مہینوں کے اندر تیزی سے مکمل کرنے میں مدد دی ھے۔

اگر رضاکار نہ ہوں تو کوئی بھی طبی ٹرائل نہیں ہو سکتا۔ COVID-19 ویکسین کلینیکل ٹرائلز کی صورت میں وبائی امراض کے دوران تیار کی گئی ہے، ہزاروں رضاکاروں کو فوری طور پر ٹرائل کے لئے بھرتی کیا گیا تھا۔ ‹عام› حالات میں، اس بات کا امکان ہوتا ھے کہ اس پر وقت لگتا ہے کیونکہ لوگ اسکے قابل نہیں ہوتے - یا کئی ایک وجوہات کی بنا پر اس میں حصہ لینے کے خواہش مند نہیں ہوتے جن میں کام کی مجبوریاں بھی شامل ہیں

برطانیہ میں استعمال کے لئے منظور شدہ ویکسینز حفاظت ، معیار اور تاثیر کے سخت معیاروں پر پورا اتری ہیں جو آزاد ادویات اور صحت کی دیکھ بھال سے متعلق مصنوعات کی ریگولیٹری ایجنسی (ایم ایچ آر اے) کے ذریعہ طے کی گئی ہیں۔ کوئی بھی کورونا وائرس ویکسین جس کی منظوری دی گئی اس کو لازمی طور پر تمام کلینیکل ٹرائلز سے گزرنا پڑا ہے جن سے کسی بھی لائسنس یافتہ دوائی کو گزرنا چاھئیے۔ ایم ایچ آر اے حفاظت کے بین الاقوامی معیار کی پیروی کرتا ھے۔

یہ ویکسینز کارآمد ثابت ہوئی ہیں اور مختلف عمر اور نسلی پس منظر کے 20,000 سے زیادہ افراد کے مطالعے میں کوئی حفاظتی خدشات نہیں پائے گئے ہیں۔





## ڈاکٹر کرسٹینا کوسٹاچی

### لیڈز چلڈرن ہسپتال میں بچوں کی امراض قلب کی ڈاکٹر

COVID-19 ویکسین محفوظ ہیں اور وہ کام کرتی ہیں۔ ان کا ٹیسٹ اسی طرح سے کیا گیا ھے جیسے دیگر تمام ویکسینز اور دوائیوں کا کیا جاتا ھے۔ ان ٹیسٹوں سے معلوم ہوا کہ وہ محفوظ ہیں اور COVID-19 کے اثرات کے خلاف انتہائی اعلی سطح کا تحفظ پیش کرتی ہیں۔

کسی بھی ویکسین میں جانور یا جنینی مصنوعات نہ ہیں اور وہ آپ کے ڈی این اے کو تبدیل نہیں کرتیں۔

آپ کو COVID-19 ویکسین دو خوراکوں میں دی جائے گی۔ زیادہ سے زیادہ تحفظ حاصل کرنے کے لئے یہ ضروری ھے کہ آپ اپنی دونوں خوراکیں لیں ، لہذا براہ کرم دونوں اپائنٹمنوں پر جائیں۔

اگر آپ کو ویکسین کے بارے میں کوئی خدشات ہیں ، تو براہ کرم اپنے جی پی سے بات کریں جو آپ کو قابل اعتماد معلومات فراھم کرے گا۔ مدعو کئے جانے پر میں آپ کی بھرپور حوصلہ افزائی کروں گی کہ ویکسین لگوائیں۔ کوویڈ 19 کے خلاف زیادہ سے زیادہ مریضوں کو ویکسین لگوانا عام زندگی میں واپسی کے لئے ھماری بہترین امید ھے۔

ویکسین آپ کو کوویڈ 19 میں شدید بیمار ہونے سے روکنے میں مدد فراھم کرتی ھے لیکن پھر بھی آپ دوسروں تک وائرس پھیلا سکتے ہیں ، لہذا حفاظتی رہنمائی کی پیروی کرنا ابھی بھی بہت ضروری ھے - جس میں چہرے کا ڈھانپنا ، اپنے ہاتھ دھونے اور جہاں تک ہو سکے دو میٹر کے فاصلے پر رہنا شامل ھے۔




## ویکسین کیسے کام کرتی ہیں؟
## کیا وہ میرے ڈی این اے میں تبدیلی کرے گی؟

تمام ویکسینوں کی طرح ، COVID-19 ویکسین آپ کے جسم کو وائرس سے لڑنا سکھاتی ہیں۔ ویکسین وائرس سے پروٹین بنا کر کام کرتی ہیں جو تحفظ پیدا کرنے کے لئے اھم ھے۔ پروٹین انفیکشن سے لڑنے کے لئے اینٹی باڈیز اور خلیوں کو بنانے کے لئے مدافعتی نظام کو متحرک کرتی ھے۔

ویکسین کے اجزاء جسم کو کچھ دن میں چھوڑ دیتے ہیں۔ ویکسین آپ کے ڈی این اے یا جینیاتی مواد کو تبدیل نہیں کرے گی۔

## کیا یہ ویکسینز میرے مذہب کے لئے موزوں ہیں؟

موجودہ منظور شدہ COVID-19 ویکسین جانوروں یا جینیاتی مصنوعات پر مشتمل نہ ھے۔ مسلم ، ہندو اور یہودی مسلک کے رہنماؤں , سب نے کہا ھے کہ یہ ویکسین ان کے مذاہب کے لوگوں کے لئے موزوں ہیں اور لوگوں کو انہیں لینے سے دریغ نہیں کرنا چاھئیے۔



## ویکسین کتنی دیر تک موثر ھے اور کیا ہمیں اسے بار بار لینا پڑے گا؟

کوئی بھی شخص جو کوویڈ -19 سے متاثر ہوتا ہے وہ شدید بیمار ہوسکتا ہے یا اس کو طویل مدتی اثرات (طویل کوویڈ) ہو سکتے ہیں۔ تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ ویکسین سے آپ کوویڈ 19 میں شدید بیمار ہونے یا مرنے کے خطرے کو نمایاں طور پر کم کرتے ہیں اور وائرس کو حاصل کرنے اور اسے پھیلانے کے خطرے کو کم کرنے میں مدد کرتے ہیں۔ پہلی حاصل کردہ خوراک آپ کو 3 یا 4 ہفتوں تک کا تحفظ فراہم کرتی ہے۔ مضبوط اور دیرپا تحفظ کے لئے آپ کو 2 خوراکوں کی ضرورت ہے۔



### ڈاکٹر امل پال

**مقامی جی پی اور کلینیکل ڈائریکٹر**
**برائے برمنٹوفس ، ہئیر ہلز اور رچمنڈ**
**ہل پرائمری کیئر نیٹ ورک**

COVID-19 ویکسینوں کے بارے میں قابل اعتماد اور معتبر معلومات کے لئے ، NHS ویب سائٹ (**www.nhs.uk/CovidVaccine**) وزٹ کریں یا صحت سے متعلقہ کسی پیشہ ور سے بات کریں۔ یہ ضروری ھے کہ مریض یہ سمجھیں کہ ویکسین ان کو بیماری سے بچانے میں کس طرح مدد کرے گی اور ان کے شدید بیمار ہونے کے خطرے کو کم کرے گی۔

کوویڈ ۱۹ کے خلاف زیادہ سے زیادہ مریضوں کو ویکسین لگوانا عام زندگی میں واپسی کے لئے ھماری بہترین امید ھے۔ براہ مہربانی جب آپ کو مدعو کیا جائے تو آپ اپنی ویکسین لگوائیں اور وائرس کو روکنے میں مدد کریں۔




## کیا ویکسینز مردوں اور خواتین میں افزائشِ نسل کو متاثر کر سکتی ہیں؟

رائل کالج آف آبسٹیٹریشنز اینڈ گائنکالوجسٹس اور رائل کالج آف مڈ وائیوز نے کہا ہے کہ اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ تجویز کیا جا سکے کہ کوویڈ 19 ویکسین افزائشِ نسل کو متاثر کرے گی۔

ڈاکٹر گائنتری امرتھلنگم ، کنسلٹنٹ ، پبلک ہیلتھ انگلینڈ ، قومی حفاظتی ٹیکوں کی ٹیم:

"مطالعات سے ثابت ہوا ہے کہ ، دوسری ویکسینوں کی طرح ، ایک بار جب آپ کو ویکسین لگ جاتی ہے تو ، اس ویکسین کے اجزاء آپ کے لمف غدودوں تک جاتے ہیں اور کچھ ہی دن میں وہ آپ کے جسم سے بیکار مادوں کے طور پر نکل جاتے ہیں۔ اور اس طرح کوئی میکانزم موجود نہیں ہے جس کے ذریعہ یہ ویکسین آپ کی موجودہ یا مستقبل کی افزائشِ نسل کو متاثر کرے۔

## اگر میں حاملہ ہوں تو کیا میں یہ ویکسین لے سکتی ہوں؟

ویکسینیشن اور حفاظتی ٹیکوں سے متعلق مشترکہ کمیٹی (JCVI) نے حاملہ خواتین کے لئے COVID-19 ویکسینیشن کے بارے میں نیا مشورہ جاری کیا ہے۔

JCVI نے مشورہ دیا ہے کہ حاملہ خواتین کو ان کی عمر اور کلینیکل رسک گروپ کی بنیاد پر باقی آبادی کی طرح ایک ہی وقت میں COVID-19 ویکسین کی پیش کش کی جانی چاہئیے۔

مزید معلومات کے لئے براہ کرم اپنے ہیلتھ کیئر پروفیشنل سے بات کریں یا براہ کرم ملاحظہ کریں:

**www.bit.ly/jcviadviceonc19vaccinationforpregnantwomen**



## اپنے جی پی / ڈاکٹر کے پاس اندراج کروانا

آپ NHS.uk ویب سائٹ پر جی پی / ڈاکٹروں کی سرجری تلاش کر سکتے ہیں۔ آپ کو اندراج کے لئے ایک فارم پُر کرنا ہو گا - کچھ سرجریوں کے لئے آپ ان کی ویب سائٹ پر ایسا کر سکتے ہیں لہذا پہلے وہاں پر چیک کریں۔ متبادل کے طور پر ، آپ GOV.UK پر جی ایم ایس ۱ رجسٹریشن فارم ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں یا جی پی / ڈاکٹروں کی سرجری سے رجسٹریشن فارم لینے کے لئے وقت طے کر سکتے ہیں۔ ہر ایک جی پی / ڈاکٹر کے ساتھ اندراج کروایا جا سکتا ہے۔ آپ کو کسی مقررہ پتے یا شناخت کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر آپ کو کسی جی پی / ڈاکٹروں کی سرجری کے ساتھ اندراج کرنے میں دشواری پیش آتی ہے تو ، این ایچ ایس انگلینڈ کسٹمر رابطہ سینٹر کو **0300 311 22 33** پر کال کریں۔

## کیا لوگ انتخاب کر سکتے ہیں کہ آپ کو کون سی ویکسین لگوانی چاھئیے؟

لوگوں کے پاس انتخاب نہیں ہو گا۔ تاھم ، جب صحت کی دیکھ بھال کرنے والے پیشہ ور افراد آپ کو ویکسین لگاتے ہیں تو وہ آپ کی طبی ہسٹری دیکھیں گے اور آپ کو آپ کی عمر اور صحت کے حساب سے مناسب ویکسین دیں گے۔

## کیا ایک ویکسین دوسرے سے بہتر ہے؟

تمام ویکسین محفوظ اور انتہائی موثر ثابت ہوئی ہیں۔ اھم بات یہ ہے کہ وہ سب آپ کو کوویڈ 19 میں شدید بیمار ہونے سے بچاتی ہیں۔



## قلیل مدتی اور طویل مدتی برے اثرات کیا ہیں؟

تمام دواؤں کی طرح ، ویکسین بھی برے اثرات کا سبب بن سکتی ھے۔ ان میں سے زیادہ تر درمیانی نوعیت کے اور قلیل مدتی ہیں ، اور ہر ایک کے ساتھ ایسا نہیں ہو گا۔ یہاں تک کہ اگر آپ کو پہلی خوراک کے بعد علامات پیش آتی ہیں ، تب بھی آپ کو دوسری خوراک کی ضرورت ھے۔ اگرچہ آپ کو پہلی خوراک سے اچھی حفاظت ملنی چاهئیے ، لیکن دوسری خوراک لینے سے آپ وائرس کے خلاف دیرپا تحفظ حاصل کر سکتے ہیں۔

زیادہ تر عام برے اثرات ذیل میں بتائے گئے ہیں:

- جہاں آپ کو انجکشن لگا تھا اس بازو میں تکلیف ، بھاری پن کا احساس اور کھچاؤ ہونا۔ ویکسین کے 1-2 دن بعد یہ بدترین ہوتا ھے
- تھکاوٹ محسوس ہونا
- سر درد
- عام درد ، یا ہلکے فلو جیسی علامات

اگرچہ بخار محسوس کرنا 2 سے 3 دن تک غیر معمولی بات نہیں ھے ، تیز بخار غیر معمولی بات ھے اور یہ آپ میں کوویڈ 19 یا کسی اور انفیکشن کی نشاندہی کر سکتا ھے۔ اپنے آپ کو بہتر کرنے میں مدد کے لئے آپ آرام کر سکتے ہیں اور پیراسیٹامول کی عام خوراک لے سکتے ہیں (پیکٹ میں موجود مشورے پر عمل کریں)۔

ویکسینیشن کے بعد علامات عام طور پر ایک ہفتہ سے بھی کم عرصے کے لئے رہتی ہیں۔ اگر آپ کی علامات بگڑتی دکھائی دیتی ہیں یا آپ کو تشویش ھے تو ، **NHS 111** پر فون کریں۔





## امام قاری عاصم ایم بی ای

**مساجد اور اماموں کے قومی مشاورتی بورڈ کے صدر ، مکہ مسجد لیڈز کے سینئر امام اور اسلامو فوبیا کی تعریف پر حکومت کے آزاد مشیر**

اس وبائی مرض کے دوران ، یہ بات سامنے آئی ھے کہ کچھ کمیونٹیز غلط معلومات کی وجہ سے ویکسین سے پریشان ہیں۔ آن لائن ایسی بہت سی اپ لوڈ شدہ معلومات پر انحصار کیا گیا ھے جو نہ تو اس شعبے کے ماہرین کی طرف سے ہیں اور نہ ہی موصولہ معلومات کے ذرائع کی تصدیق کرنے کی کوشش کی گئی ھے۔ یہ بہت خطرناک بات ھے اور ھم سب پر ایک دوسرے کی دیکھ بھال کرنے کی ذمہ داری عائد ہوتی ھے ، جس پر اسلام بہت زیادہ زور دیتا ھے۔ ہماری توجہ زندگیوں کی حفاظت اور بچاؤ پر مرکوز رہنی چاہئیے۔ غلط فہمی میں اس وبائی مرض سے جانیں ضائع ہو سکتی ہیں; ان پر عمل کرنے سے پہلے تصدیق کریں۔

## ویکسین لینا

ویکسین سب کے لئے مفت ھے - چاھے آپ کی امیگریشن کی حیثیت کچھ بھی ھو۔ اگر آپ پہلے سے رجسٹرڈ نہیں ہیں تو آپ کسی بھی جی پی / ڈاکٹر سے سائن اپ کر سکتے ہیں - برطانیہ میں رہنے والا ہر شخص ایسا کر سکتا ھے اور جی پی کے پاس حاضری مفت ہے۔ تاھم ، اگر آپ کسی بھی وجہ سے جی پی کے ساتھ رجسٹرڈ نہیں ہونا چاہتے، تو پھر بھی آپ **ervaccinationcentre@nhs.net** پر ای میل کر کے یا **0113 20 69624** پر ایلینڈ روڈ ویکسینیشن بکنگ پر کال کر کے ویکسین حاصل کر سکتے ہیں۔



اگر آپ کسی ڈاکٹر یا نرس سے مشورہ لیتے ہیں تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ انہیں اپنی ویکسینیشن کے بارے میں بتائیں (اگر ممکن ہو تو ان کو ویکسینیشن کارڈ دکھائیں) تاکہ وہ آپ کا صحیح طور پر جائزہ لے سکیں۔

جن لوگوں نے کوویڈ-19 کی ویکسین لگوائی ہے ان میں بہت ہی کم لوگوں میں الرجک رد عمل جیسے سنگین برے اثرات کی رپورٹس ملی ہیں۔ کسی طویل مدتی پیچیدگیوں کی اطلاع نہیں ملی ہے۔

## آکسفورڈ - آسٹرا زینیکا کوویڈ 19 ویکسین سے متعلق کیا رہنمائی ہے؟

آکسفورڈ-آسٹرا زینیکا کوویڈ 19 ویکسینیشن کے استعمال کے بارے میں نئی رہنمائی جاری کی گئی ہے۔

برطانیہ کا آزاد ریگولیٹر ، ایم ایچ آر اے ، آکسفورڈ / آسٹرا زینیکا ویکسین لینے والے بہت کم لوگوں میں خون میں جمنے کے مسئلے کی ان اطلاعات کی نگرانی کر رہا ہے جو رونما ہوئی ہیں۔ یہ مسئلہ ان لوگوں میں بھی ہو سکتا ہے جن کو ویکسینیشن نہیں لگائی گئی اور ابھی تک یہ واضح نہیں ہے کہ اس کا ایسا اثر کچھ لوگوں پر کیوں پڑتا ہے۔

ایم ایچ آر اے اور مشترکہ کمیٹی برائے ویکسین اینڈ ایمیونائزیشن (JCVI) دونوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ یہ خطرہ بہت کم ہے - ہر ملین میں صرف 10 افراد کو اس حالت کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔



اگر آپ کی عمر 40 سال یا اس سے زیادہ ہے یا آپ کی صحت کی حالت ایسی ہے جس سے آپ کو کوویڈ 19 میں زیادہ خطرہ لاحق ہے تو ، پھر بھی آپ کو جو بھی ویکسین دی جائے اسے لگوانا چاھئیے۔ آپ کو شدید بیمار ہونے یا COVID-19 سے مرنے سے بچانے میں ویکسین کے فوائد خون کے جمنے کی پریشانیوں کے خطرے سے کہیں زیادہ ہیں۔

بغیر کسی صحت کے مسائل کے 40 سال سے کم عمر افراد کے لئے ، JCVI نے مشورہ دیا ہے کہ متبادل COVID-19 ویکسین لگوانا افضل ہے لیکن جہاں وہ دستیاب ہو اور جہاں یہ ویکسین لگوانے والے افراد کیلیئے تاخیر کا باعث نہ بنے۔

براہ کرم نیچے دیا ہوا لنک دیکھیں جو آپ کو کسی مریض کے کتابچہ تک لے جائے گا جو پبلک ہیلتھ انگلینڈ اور NHS کے ذریعہ آپ کے سوالات کے جوابات کے لئے تیار کیا گیا ہے۔

**www.bit.ly/C19vaccinationandbloodclotting**